Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department

Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad

Tel.9252681, Fax:9252682

پریس ریلیز

اسلام آباد: 29 نومبر 2019

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) کی جانب سے اگریکلچرل ایکسٹینشن ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف سندھ کے 26 اراکین پر مشتمل وفد نے زرعی ترقیاتی بینک فارم اسلام آباد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر بینک کے افسران نے نہایت گرم جوشی سے ان کا استقبال کیا۔

زرعی ترقیاتی بینک کے شعبہ اگریکلچر ٹیکنالوجی کے ہیڈ محمد عارف نے وفد کو کسانوں کی معاشی ضروریات کو پورا کرنے اور معیشت کو فروغ دینے سے متعلق بینک کے ویژن اور مشن کے بارے میں آگاہ کیا۔ اس کے بعد وفد کے اراکین نے زرعی ترقیاتی بینک کے اگریکلچر ٹیکنالوجی ایکسپو ہال کا بھی دورہ کیا جہاں انہیں وسیع پیمانے کی زرعی مشینری جس میں زمین کو قابل کاشت بنانے اجناس کو ذخیرہ کرنے کے آلات خاص طور ریز ڈ بیڈ مشینری پر بریفنگ دی گئی۔ اس کے علاوہ وفد کو سبزیوں کی پیداوار، کچن گارڈننگ، مشروم کی کاشت، شہد کی مکھیاں پالنے، باغبانی اور فارم مینجمنٹ سے متعلق تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔

آخر میں زرعی ترقیاتی بینک کی زراعت کے شعبہ میں خدمات کے حوالے سے اگریکلچرل ایکسٹینشن ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف سندھ کے وفد کے سربراہ ممتاز حسین جندن نے کہا کہ زرعی ترقیاتی بینک فارم جدید تقاضوں کے مطابق ایک اچھی کاوش پر مبنی فارم ہے۔ جو جدید ٹیکنالوجی پر مشتمل آلات سے لیس ہے اور زراعت کی پیداوار کو بڑھانے کے لئے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ زرعی بینک کی زراعت کے حوالے سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو سندھ کے اندر بھی متعارف کروایا جائے گا۔ وفد کے تمام اراکین نے ملک میں زراعت کے فروغ کے لئے زرعی بینک کی جانب سے جدید طریقوں کو اپنانے اور کسانوں تک بہم پہنچانے پر بینک کی خدمات کی تعریف کی۔

(ناصر حسین)

انچارج (تعلقات عامہ)

فون نمبر 0309-0535214

Picture Caption

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کے افسران کا ایگریکلچرل ایکسٹینشن ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف سندھ کے وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو